Fikr-o-Nasar (Islamabad) 46:1,2 (2008)



# کشفی صاحب

سیّد عزیز الرحمٰن

کشفی صاحب کاغذات میں درج تاریخ کے مطابق ۱۲ مارچ ۱۹۳۲ء کو کان پور انڈیا میں پیدا ہوئے مگر آپ کا اپنا بیان ہے کہ میرا سن پیدائش ۱۹۳۰ء یا اس سے کچھ پہلے ہے۔ (مکالمہ، کراچی جنوری ۲۰۰۴ء)۔

کشفی صاحب کان پور کے علاقے بیگم گنج میں پیدا ہوئے۔ ان کا تعلق صاحب علم و فضل خانوادے سے تھا۔ حضرت غلام رسول، رسول نما آپ کے جد امجد ہیں۔ کشفی صاحب کے دادا سیّد شاہ محمد اکبر عالم دین اور صاحب نسبت بزرگ تھے۔ انہیں عربی، فارسی، اور اردو پر مکمل گرفت حاصل تھی۔ آپ کے والد سیّد ابو محمد تھے جو ثاقب تخلص کرتے تھے۔ آپ کے والد ۱۹۰۴ء میں پیدا ہوئے۔ معروف شاعر تھے۔ غزل اور نظم دونوں میں طبع آزمائی کی۔ نثر بھی خوب لکھتے تھے، آپ کے مضامین مختلف رسائل و جرائد میں شائع ہوتے رہے۔ متاعِ درد، روحِ جاوداں، انتخابِ سودا، آریہ سماج کا آئینہ انھوں نے اپنی تحریری یادگاریں چھوڑی ہیں۔

کشفی صاحب نے ابتدائی تعلیم اس عہد کے رواج کے مطابق اپنے گھر پر حاصل کی۔ بڑے ہوئے تو اُردو اور ریاضی کے اسباق شروع کیے گئے۔ کچھ عرصے بعد ان کی تعلیم کے لیے باقاعدہ استاد کا انتظام کیا گیا۔

مولانا سعید رزمی آپ کے پہلے استاد ہیں جن سے آپ نے فارسی کی تعلیم حاصل کی جس سے آپ کو فارسی زبان پر مکمل عبور حاصل ہو گیا۔ آپ خود فرماتے ہیں:

مولانا کا پڑھانا میرے حق میں مفید ثابت ہوا، ایک ہی سال میں فارسی میں اس حد تک رواں ہو گیا تھا کہ جلسوں میں فی البدیہہ تقریر کر لیتا۔ میں بہ مشکل آٹھ نو سال کا تھا۔ (مکالمہ، کراچی، جنوری ۲۰۰۴ء)

۱۹۴۰ء کے لگ بھگ آپ نے ایک عرب معلم سے عربی زبان سیکھی اور اس قدر سیکھی کہ آپ نے عربی زبان پر قدرت حاصل کر لی۔ ۱۹۴۰ء میں ہی آپ نے لطیف اثر اور جناب عبدالستار صاحب سے دو ماہ تک انگریزی تعلیم حاصل کی۔ اُردو، عربی، فارسی کی بنیادی تعلیم حاصل کرنے کے بعد ''حلیم

© Dr Muhammad Hamidullah Library, IIU, Islamabad. http://iri.iiu.edu.pk/

مسلم کالج کانپور‘‘ میں چھٹی جماعت میں داخلہ لیا، اس کے بعد ’’کرائسٹ چرچ کالج‘‘ میں زیرِتعلیم رہے۔ یہ ۱۹۴۵ء-۱۹۴۶ء کی بات ہے۔ ۱۹۴۷ء کے ہنگامے اور قیام پاکستان سے ذرا پہلے انٹر الہ آباد بورڈ سے اور کرائسٹ چرچ کالج سے بی-اے کی سند حاصل کی۔

قیام پاکستان کے بعد آپ نے پاکستان آنے کو ترجیح دی اور چند ساتھیوں کے ساتھ آپ ہجرت کر کے پاکستان آ گئے۔ یہاں آپ نے سندھ یونیورسٹی سے بی-اے آنرز اور اُردو آنرز میں پہلی پوزیشن حاصل کی، پھر ۱۹۵۲ء میں جامعہ کراچی سے ایم-اے اُردو کیا۔ اور ۱۹۶۷ء میں کولمبیا یونیورسٹی سے ایم-اے انگریزی کیا۔ آپ کے مقالے کا عنوان تھا: ’’انگریزی کی تدریس بہ حیثیت غیر ملکی زبان‘‘۔ ۱۹۷۱ء میں اُردو ادب میں جامعہ کراچی سے ’’اُردو شاعری کا سیاسی و تاریخی پس منظر ۱۷۰۷ء-۱۸۵۷ء‘‘ کے زیرِعنوان اپنا تحقیقی کام مکمل کر کے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کی۔

## ازدواجی زندگی

ڈاکٹر صاحب کی پہلی شادی ۱۹۵۷ء میں طاہرہ بیگم سے ہوئی۔ ۱۹۵۷ء میں آپ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوئے۔ اس شادی سے آپ کے تین بیٹے پیدا ہوئے۔ ۱۹۶۳ء میں زندگی کے خوب صورت سات سال آپ کے ساتھ گزار کر طاہرہ کشفی دو چھوٹے بچوں کے ساتھ ایک حادثے کے نتیجے میں اللہ کو پیاری ہوئیں۔

۱۹۶۶ء میں محترمہ بلقیس شاہین صاحبہ سے عقد ثانی ہوا۔ مگر اس عقد کے فوراً بعد آپ اپنے صاحب زادے ابو احمد عاکف کے ساتھ پہلے عمرے پر اور پھر اعلیٰ تعلیم کے سلسلے میں امریکہ روانہ ہو گئے۔ وہاں سے آپ کی واپسی فروری ۱۹۶۸ء میں ہوئی اور جولائی ۱۹۶۸ء میں رخصتی عمل میں آئی۔

## تدریس

کشفی صاحب کی علمی، دینی اور تحقیقی اور تنقیدی سرگرمیاں اپنی جگہ، وہ بنیادی طور پر ایک استاد تھے اور ان کی عملی زندگی کا آغاز بھی بحیثیت استاد ہی ہوا۔ آپ کی تدریسی زندگی کا دائرہ بہت وسیع ہے اور اس کا دورانیہ بھی کئی عشروں کو محیط ہے۔ آپ نے اپنی تدریسی زندگی کا آغاز ۱۹۵۶ء میں اسلامیہ کالج کراچی سے کیا۔ یہاں آپ تین سال تک تدریس کے فرائض سرانجام دیتے رہے۔

۱۹۵۹ء میں کشفی صاحب جامعہ کراچی کے شعبہ اُردو سے منسلک ہو گئے۔ ۱۹۷۰ء میں آپ جاپان کی اوساکا یونیورسٹی کے شعبہ ادبیات پاک و ہند سے وابستہ ہو گئے اور وہاں اُردو کے پروفیسر کی

حیثیت سے آپ نے تین سال تک تدریسی خدمات انجام دیں۔ ۱۹۷۴ء میں دوبارہ جامعہ کراچی کے شعبہ اُردو سے منسلک ہو گئے۔ جامعہ کراچی میں آپ کا تدریسی دورانیہ سب سے طویل ہے۔ یہاں آپ نے کچھ عرصے صدر شعبہ کے فرائض بھی انجام دیے اور یہیں سے آپ مدت ملازمت پوری کر کے ۱۹۹۲ء میں ریٹائر ہو گئے۔

کشفی صاحب کے بارے میں یہ چند ضروری سوانحی سطریں اس لیے تحریر کی گئیں تاکہ ان کا سوانحی خاکہ مختصراً ان قارئین کے سامنے آ سکے، جو اس سلسلے میں دل چسپی رکھتے ہیں۔ کشفی صاحب کی خدمات کا تنوع ایک بھرپور مضمون کا تقاضا کرتا ہے جو یقیناً راقم کے بس میں نہیں، البتہ ان کی تصانیف، تالیفات اور مضامین کی ایک فہرست ذیل میں ضرور پیش کی جاتی ہے، تاکہ ان خدمات کا ایک ہلکا سا خاکہ سامنے آ سکے۔

## تصانیف

☆ آدمی اور کتاب، جون ۲۰۰۴ء، زین پبلی کیشنز، کراچی

☆ آئینہ خیال (ترتیب)، ۲۰۰۵ء۔ نئے افق گروپ آف پبلی کیشنز، کراچی۔

☆ اخلاق محمدﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں۔ (زیر اشاعت)

☆ اُردو شاعری کا سیاسی و تاریخی پس منظر (۱۷۰۷ء-۱۸۵۷ء-اگست ۱۹۷۵ء۔ ابن حسن آفسٹ پریس، کراچی۔ مکرر اشاعت، نشریات، لاہور ۲۰۰۷ء

☆ اُردو کا نثری ادب

☆ امام ابوحنیفہؒ، ۱۹۹۳ء مجلس نشریاتِ اسلامی ناظم آباد، کراچی

☆ امریکی انتخابات۔ ایک جائزہ۔ اُردو اکیڈمی سندھ، مشن روڈ، کراچی

☆ انتخاب مضامین تہذیب الاخلاق (ترتیب)، نومبر ۱۹۵۴ء، اردو اکیڈمی، سندھ، کراچی

☆ انتخاب مقالات حالی (ترتیب)، دسمبر ۱۹۵۴ء، اُردو اکیڈمی سندھ، کراچی

☆ باغ و بہار (ترتیب)۔ ۱۹۶۵ء، اُردو اکیڈمی سندھ مشن روڈ، کراچی

☆ بینا نابینا، اُردو اکیڈمی سندھ، مشن روڈ، کراچی

☆ تعارفِ اسلام

☆ تنقیدی سرگوشیاں ۲۰۰۷ء، زین پبلی کیشنز، کراچی

☆ ثانی اثنین مولانا محمد عبدالحلیم صاحب شرر (ترتیب) ۱۹۸۴ء۔ مکتب اہل سنہ و جماعۃ، کراچی

☆ چراغِ تجلی (ترتیب)۔ اگست ۱۹۹۴ء، بزم حمد و نعت کندن اسٹریٹ، کراچی

☆ جدید اُردو ادب کے دو تنقیدی جائزے۔ اکتوبر ۱۹۶۳ء۔ اُردو اکیڈمی سندھ، کراچی

☆ حیاتِ محمد ﷺ قرآن کے آئینے میں

☆ خواجہ حسن نظامی

☆ رسول اللہ ﷺ کے نقش قدم پر ایک دن، ۲۰۰۱ء، خواجہ پرنٹرز اینڈ پبلشرز

☆ روشنی کا مینار۔ ۱۹۵۸ء مکتبہ مہر نیم روز

☆ رہنمائے ادب (تین حصے)، جون ۱۹۵۹ء۔ فیڈرل بک ڈپو، اُردو بازار، کراچی

☆ سرسیّد احمد خان کا آئینہ خانہ افکار (ترتیب)۔ اشاعت اوّل ۱۹۹۸ء۔ فضلی سنز (پرائیویٹ) لمیٹڈ اُردو بازار، کراچی

☆ سلطان صلاح الدین ایوبی۔ ۱۹۵۶ء اُردو اکیڈمی سندھ مشن روڈ، کراچی

☆ شاعری پر ایک نظر اور چھ غزلیں شرح کے ساتھ۔ اُردو اکیڈمی سندھ، کراچی

☆ شوکت تھانوی۔ مکتبہ جامعہ مقلم ملی، ملیر سٹی، کراچی

☆ صادق الخیری کے بہترین افسانے (ترتیب)۔ اگست ۱۹۸۴ء۔ شہناز بک کلب

☆ عبدالکریم سومار۔ جنوری ۱۹۸۴ء۔ مجلس مطبوعات و تحقیقات اُردو جامعہ نگر جامعہ کراچی۔

☆ عکسِ محمدی ﷺ قرآن کے آئینے میں (ترتیب)۔ جولائی ۱۹۷۰ء طاہرہ کتاب گھر، کراچی

☆ مجالسِ رنگین (ترتیب) جولائی

☆ مختصر تاریخ امریکہ۔ اشاعت اوّل ۱۹۶۶ء اُردو اکیڈمی سندھ، کراچی

☆ مرزا غالب، حالات زندگی

☆ مرزا ہادی رسوا از عزیز لکھنوی (ترتیب)۔ ۱۹۸۵ء۔ ذکی سنز پرنٹرز، کراچی

☆ مسلمان کی زندگی کیا ہے؟

☆ مقام محمدﷺ قرآن کے آئینے میں۔ ۲۰۰۵ء۔ دارالاشاعت، کراچی

☆ منشی ذکاء اللہ دہلوی عرب قبل از اسلام (ترتیب)۔۱۹۶۴ء۔ طاہرہ کتاب گھر ، بندر روڈ، کراچی

☆ مولانا جلال الدین رومی

☆ نسبت۔ ۱۹۹۹ء، خواجہ پرنٹر اینڈ پبلشرز

☆ نعت اور تنقید نعت۔ اکتوبر ۲۰۰۱ء۔ طاہرہ کشفی میموریل سوسائٹی

☆ نقش سعادت (اُردو نعتیہ شاعری کا ایک انتخاب)، (ترتیب)۔ جولائی ۱۹۶۶ء۔ طاہرہ کتاب گھر، کراچی

☆ وطن سے وطن تک۔ ۲۰۰۰ء۔ اقلیم نعت، شادمان ٹاؤن نمبر ۲ شمالی، کراچی

☆ ہمارے سرسیّد۔ اُردو اکیڈمی سندھ مشن روڈ، کراچی

☆ ہمارے عہد کا ادب اور ادیب۔ دسمبر ۱۹۷۱ء۔ قمر کتاب گھر، کراچی

☆ ہمارے عہد کے ادب، لسانی اور تعلیمی مسائل، ۲۰۰۶ء۔ زین پبلی کیشنز، کراچی

☆ یہ لوگ بھی غضب تھے۔ ۱۹۸۹ء فیروز سنز، پرائیویٹ لمیٹڈ، کراچی

☆ From Home To Homeland (Personal Reflection of Spiritual Journey)-Khwaj Printers and Publishers, Karachi. Tahira Kashifi Memorial-Sound and Whispers Society.

## مضامین

☆ آتش کی شاعری کے چند پہلو۔ مشرب۔ ۱۹۵۳ء

☆ آج کے سائنسی دور میں ادب اور شعر کی اہمیت، مکالمہ، شمارہ ۱۳

☆ اب عیسیٰ پہ بشارت کی جو مشعل تھا کبھی ظلمت نے چراغ صفات ایسا ہے، نعت رنگ، شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ ابن صفی نے ہندوستان میں اُردو کی بقا کے لیے بھی اہم کردار ادا کیا۔ روزنامہ جنگ (کراچی)،

شمارہ ۲۳ جولائی ۱۹۸۳ء

☆ اپنی خاکستر جان میں مدفون، سخن ور، ستمبر ۲۰۰۴ء

☆ اپنی خاکسترِ جاں میں مدفون، دائرے، اکتوبر ۱۹۸۹ء

☆ اپنے محمود میاں، کاروانِ طب مجلّہ

☆ اختلافات، فنون، جنوری، فروری ۱۹۷۳ء

☆ اخلاقِ محمدﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں (۱)۔ ششماہی السیرہ، اپریل ۲۰۰۶ء

☆ اخلاقِ محمدﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں (۲)۔ ششماہی السیرہ، ستمبر ۲۰۰۶ء

☆ اخلاقِ محمدﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں (۳)۔ ششماہی السیرہ، مارچ ۲۰۰۷ء

☆ اخلاقِ محمدﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں (۴)۔ ششماہی السیرہ، ستمبر ۲۰۰۷ء

☆ اخلاقِ محمدﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں (۵)۔ ششماہی السیرہ، مارچ ۲۰۰۸ء

☆ اخلاقِ محمدﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں (۶)۔ ششماہی السیرہ، ستمبر ۲۰۰۶ء

☆ ادب کا تجزیہ، نئی نسلیں، اکتوبر ۱۹۷۸ء

☆ ادب میں جمود کا مسئلہ، سہ ماہی قلم قبیلہ (کوئٹہ)، ۱۹۹۶ء

☆ ادب نوازی اہل ادب، مشرب، اگست ۱۹۵۳ء

☆ ادبی اصطلاحات، فنون، جون، جولائی ۱۹۸۲ء

☆ ادبی اور تنقیدی اصطلاحات، فنون، جنوری، فروری ۱۹۷۴ء

☆ ادبی اور تنقیدی اصطلاحات، فنون، اپریل، مئی ۱۹۷۳ء

☆ ادبِ رسول کے چند پہلو، الاسلام، ربیع الاوّل، ربیع الثانی، ۱۴۲۴ھ

☆ ادیبوں کے مسائل، سہ ماہی تمثال، شمارہ ۴ تا ۷، ۱۹۹۳ء

☆ اُردو ادب اور قومی انقلاب، خاتونِ پاکستان (انقلاب نمبر)، ۱۹۶۰ء

☆ اُردو ادب میں ناول کا مستقبل، ماہِ نو، جنوری ۱۹۵۵ء

☆ اُردو شاعری اور تحریک سیّد احمد شہید، یونیورسٹی اسٹڈیز، والیم نمبر ۱-۲

☆ اُردو کے یادگار افسانوں کی ایک جھلک۔ (ماضی کے دریچوں سے)، افسانہ صدی نمبر حصہ اوّل، سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۲۷/ اکتوبر تا دسمبر ۲۰۰۶ء

☆ اُردو میں نعت کا مستقبل، نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ از راہِ شریک (اشاعت خصوصی)، ہم سخن (جناح گورنمنٹ کالج، کراچی)، ۱۹۸۲ء، ۱۹۸۱ء

☆ اس رحمت عالم کی عطا سب کے لیے ہے، نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ اس رحمت عالمﷺ کی عطا سب کے لیے ہے (نعت)، دائرے، اپریل ۱۹۹۰ء

☆ اس رحمت عالمﷺ کی عطا سب کے لیے ہے (نعت)، دائرے، اکتوبر ۱۹۸۹ء

☆ اسرار الحق مجاز، ساقی، جنوری ۱۹۵۰ء

☆ اسرار، امان، سرشار، سیپ، شمارہ (۵)

☆ اسلامی ادیبوں سے چند باتیں، ماہنامہ تعمیر و افکار، اکتوبر، نومبر ۲۰۰۵ء

☆ اسلامی عمرانیات کا کولمبس، دائرے، جنوری ۱۹۸۹ء

☆ اسلامی ملکوں کی تنظیم (او-آئی-سی)، جمادی الاوّل، جمادی الآخر ۱۴۲۵ھ

☆ اسلامی نام، الاسلام، محرم الحرام، ۱۴۲۳ء

☆ اقبال کے دینی افکار (اقبال نمبر)، برگ گل، ۱۹۷۷ء

☆ اقبال کے ساتھ ساتھ، نقوش، شمارہ ۱۲۳، دسمبر ۱۹۷۷ء

☆ امین راحت چغتائی کی نعت گوئی، نعت رنگ، شمارہ ۱۰/اپریل ۲۰۰۰ء

☆ انتخاب ترانہ وحشت، مہر نیم روز، ستمبر ۱۹۵۷ء

☆ اندازِ گلستان، ماہنامہ آگہی، مارچ، اپریل ۱۹۸۹ء

☆ انگڑائی سے دیپک راگ تک، مضراب (کراچی)، جنوری ۱۹۴۹ء

☆ انور سدید کا سفرنامہ ہند ''دلی دُور نہیں''، سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۱۸/ جولائی تا ستمبر ۲۰۰۴ء

☆ اوراق گل، نئی قدریں، شمارہ ۲۳، ۱۹۸۰ء

☆ ایک ادھوری کہانی، سیپ، شمارہ (۳۲)

☆ ایک ادھورا سفر، سیپ، شمارہ (۳۸)

☆ ایک بے عنوان تحریر، فنون، نومبر، دسمبر ۱۹۷۵ء

☆ ایک تنقیدی مونو ڈرامہ، سیپ، شمارہ (۳۲)

☆ ایک خطبۂ صدارت، ماہِ نو، اپریل ۱۹۵۱ء

☆ ایک شاعر ایک آدمی، رفتار، جنوری ۱۹۸۳ء

☆ ایک کہانی جو جاری ہے، بدایوں، مئی، جون ۱۹۹۱ء

☆ ایک آیت، ماہنامہ آگہی، مارچ، اپریل ۱۹۸۹ء

☆ اے خنک شہرے کہ آں جا دلبرﷺ است، بدایوں، ستمبر، اکتوبر ۱۹۹۲ء

☆ اللہ میاں کے نام ایک خط، ساقی، اگست ۱۹۵۴ء

☆ بابائے اُردو ایک تاثر، قومی زبان، جنوری ۲۰۰۷ء

☆ بابائے اُردو، ایک تاثر، ادب لطیف (لاہور)، نومبر ۱۹۵۳ء

☆ بابائے اُردو، ماہِ نو، نومبر ۱۹۴۹ء

☆ بجنوری، قوم زبان اورتعلیم، سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۸ جنوری تا مارچ ۲۰۰۲ء

☆ برائے نام، تہذیب، جولائی ۱۹۹۷ء

☆ بشر ہے وہ مگر عکسِ صفات ایسا ہے۔ نعت رنگ، شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء، بشیر موجد، حروف و لکیروں اور رنگوں کے درمیان، سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۱۳/ اپریل تا جون ۲۰۰۳ء

☆ بیاد اُمید فاضلی، سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۲۴، ۳۳، اکتوبر ۲۰۰۵ء تا مارچ ۲۰۰۶ء

☆ بی-اے، ہاشمی، سیپ، (شمارہ) ٦

☆ پروفیسر احمد محمود، تہذیب، اپریل ۱۹۹۹ء

☆ پروین شاکر کی شعری دنیا، فنون، ۱۹۷۵ء

☆ پہلا اور آخری نغمہ (ہائیکو انٹرنیشنل)، اقبال حیدر نمبر، جولائی تا ستمبر ۲۰۰۰ء

☆ تابش دہلوی اور مدحت رسولﷺ، سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۱۹/ اکتوبر تا ستمبر ۲۰۰۴ء

☆ تابش کی غزل، ماہ نامہ الفاظ (کراچی)، نومبر ۱۹۹۱ء

☆ تجلیاتِ محمدﷺ اور حضرت مجدد الف ثانیؒ، ششماہی السیرہ، اکتوبر ۲۰۰۵ء

☆ تحسینیات، قومی زبان، جولائی ۲۰۰۶ء

☆ تعارف و انتخاب، دائرے، نومبر، دسمبر ۱۹۸۷ء

☆ تمہید کچھ تو ہو، مئی ۲۰۰۰ء، تہذیب، مئی ۲۰۰۰ء

☆ تو حرفِ دعا ہے مرے مولا مرے آقاﷺ، نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ تین ترجمے نظمیں (تضاد، پائیر امیرٹ، تیسری آنکھ)، نئی قدری، شمارہ ۱۱، ۱۰، ۱۹۷۵ء

☆ تین نظمیں، ساقی، مئی ۱۹۵۰ء

☆ ٹوکیو یونیورسٹی میں خطاب، دائرے، جولائی، اگست ۱۹۹۴ء

☆ ثانیہ کی کہانی، ان کی کہانیوں کی کہانی، سہ ماہی قلم قبیلہ (کوئٹہ)، مارچ تا مئی ۲۰۰۰ء

☆ چاند نگر کا شہزادہ

☆ چند حسینوں کے نام خطوط۔ ساقی، جولائی ۱۹۵۳ء

☆ چند یادیں (بیٹے ابو عاکف سے چند باتیں)، مکالمہ، شمارہ ۸

☆ حامد حسن قادری، سیپ، شمارہ (۳)

☆ حجۃ الوداع، دائرے۔ ستمبر، اکتوبر ۱۹۹۱ء

☆ حسرت خود اپنی نظر میں۔ ماہنامہ شاعر (آگرہ)، دسمبر ۱۹۴۴ء

☆ حسرت کے مقطعے۔ ساقی، مارچ ۱۹۵۰ء

☆ حسرت موہانی، ساقی، اپریل ۱۹۵۲ء

☆ حکم جہاد، دائرے۔ جولائی، اگست ۱۹۹۴ء

☆ خاکستر پروانہ (نعت)۔ دائرے، اپریل ۱۹۹۰ء

☆ خالی اسٹیج (افسانہ)، مہر نیم روز، مارچ ۱۹۵۶ء

☆ خطبہ حجۃ الوداع، دائرے، جولائی، اگست، ستمبر ۱۹۹۲ء

☆ خواب سو گئے۔ سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۱۰ جولائی تا ستمبر ۲۰۰۳ء

☆ خواب سو گئے۔ بدایوں، مئی، جون، جولائی ۲۰۰۲ء

☆ خواجہ احمد عباس کے تین افسانے (خواجہ احمد عباس نمبر)، دریافت (کراچی) ۱۹۸۹ء

☆ دریا آخر دریا ہے، رفتار، جنوری ۱۹۸۳ء

☆ دعائیہ، نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ دعائے خلیلؑ اور نوید مسیحا، بدایوں، اکتوبر ۱۹۹۱ء

☆ دعا، الاسلام، محرم الحرام ۱۴۲۳ھ

☆ دعوت، نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ دو سرپرست ایک لڑکی، ساقی، اپریل ۱۹۵۰ء

☆ دو نعتیہ نظمیں، نعت رنگ، شمارہ ۱۱ مارچ ۲۰۰۱ء

☆ دو یا ساگر کی سچی کمائی۔ ماہنامہ پرواز (لندن)، اپریل ۲۰۰۲ء

☆ دہلیز پر پھول۔ شاہین کی غزلوں کا مجموعہ۔ سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۲۲ جولائی تا ستمبر ۲۰۰۵ء

☆ ڈاکٹر ظہیر احمد صدیقی، بدایوں، اگست، ستمبر ۲۰۰۳ء

☆ ڈاکٹر مرحوم سجاد

☆ ذہن کو اپنے سجا لوں تو ترا نام لکھوں، نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ ذہن کو اپنے...... تراﷺ نام لکھوں (نعت) الاسلام، ربیع الاوّل-ربیع الثانی ۱۴۲۴ھ

☆ رابطے کا سفیر اور ہم۔ جولائی، اگست ۱۹۸۹ء

☆ رسول اکرمﷺ اور اسلامی ثقافت (ڈاکٹر بشارت علی کا عمرانی مطالعہ)، دائرے، اکتوبر ۱۹۸۹ء

☆ روپ: فراق کی رباعیوں پر ایک نظر، ماہنامہ ہمایوں (لاہور)، اکتوبر ۱۹۴۷ء

☆ روسو کا بچپن، ایک مطالعہ، اُردو سائیکولوجی اطفال نمبر، ۱۹۵۵ء

☆ زبان اور ادب کے تدریسی مسائل پر گفتگو، دائرے، سالنامہ ۱۹۸۹ء

☆ زبان، زندگی، اظہار۔ المشکوٰۃ اقبال نمبر، ۲۰۰۲ء، ۲۰۰۳ء

☆ زندہ آدمی، ۱۹۷۵ء

☆ ساری دعائیں اس کے لیے، ڈی جے میگزین، ۲۰۰۰ء

☆ سائبان لوگ/ مولوی صاحب، ماہنامہ تعمیر و افکار، فروری ۲۰۰۷ء

☆ سائبان لوگ/ گنگا دھر ناتھ فرحت، ماہنامہ تعمیر و افکار، فروری ۲۰۰۷ء

☆ سائبان لوگ/ مالک رام، ماہنامہ تعمیر و افکار، جولائی ۲۰۰۷ء

☆ سائبان لوگ/ اوک رائڈ صاحب، ماہنامہ تعمیر و افکار، اگست ۲۰۰۷ء

☆ سائبان لوگ/ مدینے والا، ماہنامہ تعمیر و افکار، ستمبر ۲۰۰۷ء

☆ سائبان لوگ/ پرنسپل عبدالشکور، ماہنامہ تعمیر و افکار، اکتوبر ۲۰۰۷ء

☆ سائبان لوگ/ ہمارے صوفی صاحب، ماہنامہ تعمیر و افکار، دسمبر ۲۰۰۷ء

☆ سائبان لوگ/ ہمارے شاہ صاحب، ماہنامہ تعمیر و افکار، جنوری ۲۰۰۸ء

☆ سائبان لوگ/ ڈاکٹر حفیظ الدین، ماہنامہ تعمیر و افکار، فروری ۲۰۰۸ء

☆ سائبان لوگ/ پروفیسر ریاض الاسلام، ماہنامہ تعمیر و افکار، مارچ ۲۰۰۸ء

☆ سائبان لوگ/ ڈاکٹر ابواللیث صدیقی، ماہنامہ تعمیر و افکار، اپریل ۲۰۰۸ء

☆ سائبان لوگ/ شہید ملت لیاقت علی خان، ماہنامہ تعمیر و افکار، مئی ۲۰۰۸ء

☆ سائبان لوگ/ ڈاکٹر عبدالقدیر خان، ماہنامہ تعمیر و افکار، جون ۲۰۰۸ء

☆ سائبان لوگ/ نعیم حامد علی الحامد، ماہنامہ تعمیر و افکار، جولائی ۲۰۰۸ء

☆ سائبان لوگ/ سلیم الزماں صدیقی، ماہنامہ تعمیر و افکار، اگست ۲۰۰۸ء

☆ سائبان لوگ/ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی، ماہنامہ تعمیر و افکار، ستمبر ۲۰۰۸ء

☆ سب ایڈیٹر، ماہنامہ پاک پنچ (کراچی)، شمارہ ۲، جون ۱۹۸۳ء

☆ ستاروں سے آگے۔ مہر نیم روز، اپریل ۱۹۶۰ء

☆ سرسیّد احمد خان کی شاعری۔ تہذیب، مارچ ۱۹۹۸ء

☆ سلام رضا کے دو باغوں کی سیر، نعت رنگ۔ شمارہ ۱۸، دسمبر ۲۰۰۵ء

☆ سلیم اللہ فہمی، چند یادیں، سیپ، شمارہ (۳۵)

☆ سورج کی کرنوں میں۔ ساقی، جولائی، اگست ۱۹۵۰ء

☆ سورۃ الرحمٰن اور تفسیری تأثر۔ ترجمہ: الاسلام، رجب شعبان ۱۴۲۳ھ

☆ سیّد صاحب کی یاد میں۔ مجلّہ دیسنہ ایسوسی ایشن، دسمبر ۱۹۸۴ء

☆ سیّد صاحب، مجلّہ دیسنہ ایسوسی ایشن، نومبر ۱۹۷۸ء

☆ سیرت النبیﷺ اور مولانا سیّد زوار حسین، ششماہی السیرہ، اپریل ۲۰۰۵ء

☆ سیونارا، ہفت روزہ عوامی عدالت (کراچی)، ۶ جون ۱۹۷۴ء

☆ شعلہ نفس، شعلہ بدل، شعلہ بجاں۔ سہ ماہی روشنائی، شمارہ ۲۵ اپریل تا جون ۲۰۰۶ء

☆ مشفق خواجہ۔ ایک تعزیت نامہ۔ سہ ماہی روشنائی۔ شمارہ ۲۱، اپریل تا جون ۲۰۰۵ء

☆ شمس الرحمٰن قادری۔ نقد غالب کے حوالے سے۔ سہ ماہی روشنائی۔ شمارہ ۱۴، جولائی تا ستمبر ۲۰۰۳ء

☆ شہاب دہلوی کی ادبی شخصیت کے خد و خال۔ سہ ماہی الزبیر (شہاب دہلوی نمبر۔ سہ ماہی الزبیر۔ ۱۹۹۲ء۔

☆ شہر نوا کا نغمہ گر۔ بدایوں، مارچ ۱۹۹۵ء

☆ صدا یہ آ رہی ہے قرآنی جواہر پارے۔ الاسلام۔ جولائی ۲۰۰۳ء

☆ صدا یہ آ رہی ہے آسماں سے۔ الاسلام۔ شمارہ ۲، ۳، جمادی الثانی، رجب ۱۴۲۴ھ

☆ طیبہ کی ہوا مدحت سرکارﷺ کی قاصد۔ نعت رنگ۔ شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ ظلمت نے چراغ اپنے بجھائے تو ہیں لیکن۔ نعت رنگ۔ شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ عسکری بہ حیثیت نقاد۔ مہر نیم روز۔ فروری ۱۹۵۸ء

☆ علی گڑھ اور رامپوری سے ذاکر علی خان تک

☆ غالب اور جذبہ آزادی۔ غالب۔ جنوری تا مارچ ۱۹۷۷ء

☆ غالب اور میں۔ دائرے۔ فروری ۱۹۸۸ء

☆ غالب اور میں۔ سخن ور، فروری ۲۰۰۵ء

☆ غزل میں نعت کی جلوہ گری۔ نعت رنگ۔ شمارہ ۹، مارچ ۲۰۰۰ء

☆ غلام الثقلین نقوی کے ساتھ ساتھ۔ سہ ماہی روشنائی۔ شمارہ ۹، اپریل تا جون ۲۰۰۲ء

☆ فضا میں ان کے ہونٹوں کی صدا ہے۔ نعت رنگ۔ شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ فی ذکر جہاد النبیﷺ۔ نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ فی ذکر شرف القرآن۔ نعت رنگ۔ شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ قائداعظم ایک تجزیہ (قائداعظم نمبر)، ماہ نو، ستمبر ۱۹۵۰ء

☆ قائداعظم عشق رسولﷺ کو ایمان کی کسوٹی سمجھتے تھے۔ حمایت الاسلام، جنوری ۲۰۰۱ء

☆ قصیدہ بردہ شریف کا ایک نقش۔ نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ قطرے میں سمندر، الاسلام، اگست، ستمبر ۲۰۰۴ء

☆ قطرے میں سمندر (دعا عین عبادت ہے)۔ الاسلام۔ ربیع الاوّل، ربیع الثانی، ۱۴۲۴ھ

☆ قطرے میں سمندر۔ الاسلام۔ جمادی الاوّل، جمادی الآخر ۱۴۲۵ھ

☆ قطرے میں سمندر۔ الاسلام۔ رمضان، شوال ۱۴۲۳ھ

☆ قطرے میں سمندر۔ الاسلام۔ محرم الحرام، صفر المظفر ۱۴۲۴ھ

☆ قطرے میں سمندر۔ الاسلام۔ جمادی الاوّل- جمادی الثانی ۱۴۲۳ھ

☆ قطرے میں سمندر۔ الاسلام۔ رجب-شعبان ۱۴۲۳ھ

☆ قطرے میں سمندر۔ ماہنامہ تعمیر و افکار۔ اگست ۲۰۰۵ء

☆ قطرے میں سمندر۔ ماہنامہ تعمیر و افکار۔ جولائی ۲۰۰۵ء

☆ قطرے میں سمندر۔ ماہنامہ تعمیر و افکار۔ ستمبر ۲۰۰۵ء

☆ قطرے میں سمندر۔ الاسلام۔ شمارہ ۳، ۲، جمادی الثانی، رجب ۱۴۲۴ھ

☆ قیامت کے انتظار میں (مدحت) نعت رنگ، شمارہ ٦، ستمبر ۱۹۹۸ء

☆ کتاب الصدیق مصنف پروفیسر علی محسن صدیقی ۲۰۰۲ء۔ الاسلام۔ جولائی ۲۰۰۳ء

☆ کتاب تاریخ، تاریخ کے جھروکوں سے مصنف ڈاکٹر خواجہ عابد نظامی ۲۰۰۳ء، الاسلام۔ جولائی ۲۰۰۳ء

☆ کتب خانہ اور لذت آوارگی۔ آہنگ۔ یکم تا ۱۵ مارچ ۱۹۴۷ء

☆ کچھ اپنی، کچھ ادبی صورت حال۔ رفتار، جنوری ۱۹۸۳ء

☆ کچھ اختر پیامی اور ان کی شاعری کے بارے میں۔ سہ ماہی روشنائی۔ شمارہ ۶، جولائی، ستمبر ۲۰۰۱ء

☆ کچھ امیر مینائی کے بارے میں۔ مرأۃ الغیب۔ ۲۰۰۶ء

☆ کچھ فانی کے بارے میں۔ ماہ نامہ مشعل۔ جولائی ۱۹۵۳ء

☆ کون ہے، کیا ہے، مظفر حنفی۔ سہ ماہی روشنائی۔ شمارہ ۲۵/ اپریل تا جون ۲۰۰۶ء

☆ کیا لوگ تھے ہم سے پہلے( سرگزشت )۔ سیپ۔ شمارہ (۳)

☆ گوشہ (نعتیں)۔ نعت رنگ۔ شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ لذت دید۔ رفتار۔ جنوری ۱۹۸۳ء

☆ لوہے کے جوتے۔ ماہنامہ نقاد۔ اکتوبر ۱۹۵۱ء

☆ ماتم یک روز۔ مہر نیم روز۔ فروری ۱۹۵۶ء

☆ ماضی و حال کے تناظر میں مستقبل کی فکر۔ اکیسویں صدی کی جانب۔ ۱۹۹۳ء

☆ مجنوں صاحب کی یاد میں۔ دائرے۔ جولائی ۱۹۸۸ء

☆ محفل تنہائی (بیگم ثاقبہ رحیم الدین)، دائرے۔ مئی ۱۹۸۸ء

☆ محمد حسن عسکری (نئی آوازیں)، ماہِ نو، مئی ۱۹۵۴ء

☆ محمد ﷺ کا مرتبہ اور صفات احادیث کی روشنی میں۔ الاسلام۔ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ

☆ مسعود احمد برکاتی۔ کچھ کام کچھ ذات۔ سہ ماہی روشنائی۔ شمارہ ۱۶، ۱۷ جنوری تا جون ۲۰۰۴ء

☆ مسلمانوں کا فن تعمیر۔ ماہِ نو۔ ستمبر ۱۹۵۰ء

☆ مشرقی پاکستان کا اسلامی فن تعمیر۔ ماہ نو۔ اگست ۱۹۵۱ء

☆ مصورِ فطرت، ماہ نو، ستمبر ۱۹۵۵ء

☆ معیار حیات و کائنات ﷺ کا ذوقِ شعر، بدایوں، اکتوبر ۱۹۹۱ء

☆ مقامِ محمد ﷺ قرآن حکیم کے آئینے میں، ششماہی السیرہ، اپریل ۲۰۰۴ء

☆ مقامِ محمدﷺ، احادیث کی روشنی میں (۱) ششماہی السیر ہ، دسمبر ۱۹۹۹ء

☆ مقامِ محمدﷺ، احادیث کی روشنی میں، ماہنامہ تعمیر و افکار، دسمبر ۲۰۰۱ء

☆ مقامِ محمدﷺ، ششماہی السیر ہ (۱)، جون ۲۰۰۰ء

☆ مقامِ محمدﷺ، ششماہی السیر ہ (۲)، دسمبر ۲۰۰۰ء

☆ مقامِ محمدﷺ، ششماہی السیر ہ (۳)، مئی ۲۰۰۱ء

☆ مقامِ محمدﷺ، ششماہی السیر ہ (۴)، نومبر ۲۰۰۱ء

☆ مقامِ محمدﷺ، ششماہی السیر ہ (۵)، مئی ۲۰۰۲ء

☆ مقامِ محمدﷺ، ششماہی السیر ہ (۶)، اپریل ۲۰۰۴ء

☆ مقبول نقش عقیدت، نعت رنگ، شمارہ ۱۶

☆ مناجات، نعت رنگ، شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ مولوی عبدالحق اور فلم، قومی زبان، اگست ۲۰۰۵ء

☆ میری پلکوں کا گہر آپ سے وابستہ ہے، نعت رنگ، شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ میں انہیں سلام کرتا ہوں، مہر نیم روز، جولائی، اگست ۱۹۵۷ء

☆ نازش حیدری فن اور شخصیت ایک بے عنوان تحریر، فنون، دسمبر ۱۹۷۵ء

☆ نشور صاحب کی یاد میں، بیاد نشور واحدی، اکتوبر ۱۹۸۳ء

☆ نظامِ تعلیم فکری و عملی آزادی، نگار، اکتوبر ۱۹۶۶ء

☆ نعت اور گنجینہ، معنی کا طلسم، نعت رنگ، شمارہ ۴ مئی ۱۹۹۷ء

☆ نعت کے جگنوؤں کے تعاقب میں (حصہ اوّل)، نعت رنگ، شمارہ ۱۵ مئی ۲۰۰۳ء

☆ نعت کے جگنوؤں کے تعاقب میں (حصہ دوم) نعت رنگ، شمارہ (۱۷)، نومبر ۲۰۰۴ء

☆ نعت کے عناصر، نعت رنگ، شمارہ ۵ فروری ۱۹۹۸ء

☆ نعت کے موضوعات، نعت رنگ، شمارہ ۶، ستمبر ۱۹۹۸ء

☆ نعت گوئی اور سیرت و نعت کی محافل کا مطالعہ اعلیٰ تعلیم میں نعت رنگ، شمارہ ۱۲/اکتوبر ۲۰۰۱ء

☆ نعتیہ واکا، نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ نعتیہ ہائک، نعت رنگ، شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ نعت، نعت رنگ، شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ نواب امیر علی خان بہادر، ماہ نو، جنوری ۱۹۵۲ء

☆ نیم روز غزلیات تابش دہلوی، ماہ نو، مئی ۱۹۶۴ء

☆ وقت، ادب، آپ، میں اور ''آئندہ'' کا نقشۂ سفر، آئندہ، دسمبر ۲۰۰۱ء

☆ ولادت مصطفوی ﷺ۔ نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ ویران سرائے کا دیا، سہ ماہی تشکیل، اکتوبر ۱۹۹۲ء تا ستمبر ۱۹۹۳ء

☆ ہادی اعظم ﷺ...... ایک تاثر، ماہنامہ تعمیر و افکار، اکتوبر ۲۰۰۰ء

☆ ہشام علی حافظ (منظوم ترجمہ)، نعت رنگ، شمارہ (۳) ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ ہند کتھا (سفرنامہ)، دائرے، اپریل ۱۹۸۸ء

☆ ہند یاترا، دائرے، جنوری ۱۹۸۸ء

☆ ہنگام نمود، نعت رنگ، شمارہ ۵، فروری ۱۹۹۸ء

☆ ہے مدح تری اپنا ہنر سیّد عالم ﷺ (نعت)، دائرے، اپریل ۱۹۹۰ء

☆ ہے یاد تری اپنا ہنر سیّد عالم ﷺ، نعت رنگ، شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء

☆ ہے یاد تیری اپنا ہنر سیّد عالم ﷺ، (نعت)، نعت رنگ، شمارہ ۱، اپریل ۱۹۹۵ء

☆ ایک مصرعی نظم (سخن مختصر)، نعت رنگ، شمارہ (۳)، ستمبر ۱۹۹۶ء

☆☆☆☆☆